PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# جونٹی رھوڈز کی خواتین کرکٹرز کو فیلڈنگ کی ٹپس

**کراچی،23فروری2020ء:**

ماضی کے عظیم کرکٹر اور بہترین فیلڈر جونٹی رھوڈز نے یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں خواتین کھلاڑیوں کو فیلڈنگ کے گر سیکھائے۔

جونٹی رھوڈز کی زیرنگرانی یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں منعقدہ فیلڈنگ سیشن میں 9خواتین کرکٹرز نے شرکت کی۔ ایک گھنٹے تک جاری رہنے والے سیشن میں کائنات امتیاز، جویریہ رؤف، یسرا عامر، حفصہ خالد، حرینہ سجاد، نجیہ علوی، عریجہ حسیب، معصومہ جعفری اور سوہانا طارق نے شرکت کی ۔

سابق کرکٹر کی زیرنگرانی فیلڈنگ سیشن کا اہتمام پاکستان ویمنز کرکٹ نے کیا تھا۔ فیلڈنگ سیشن کا مقصد خواتین کھلاڑیوں کی فیلڈنگ میں نکھار لانے کے ساتھ ساتھ انہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا تھا۔

**جونٹی رھوڈز:**

جونٹی رھوڈز نے کہا کہ وہ خواتین کھلاڑیوں کی صلاحیتوں سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ کرکٹرز کھیل سے دیوانہ وار محبت کرتی ہیں۔جونٹی رھوڈز نے کہا کہ پاکستان ویمنز کرکٹ محفوظ ہاتھوں میں ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ دوران کیرئیر فیلڈنگ کے دوران ان کی حکمت عملی "گو فار اِٹ" رہتی تھی۔ انہوں نے کہاکہ بطور فیلڈر جب تک آپ گیند کا پیچھا نہیں کریں گے آپ اچھے فیلڈر نہیں بن سکتے۔

اس موقع پر خواتین کھلاڑیوں نے فیلڈنگ سیشن کو انتہائی مفید قرار دیا۔

جونٹی رھوڈز ان دنوں ایچ بی ایل پی ایس ایل فائیو کے سلسلے میں کراچی میں موجود ہیں۔ وہ لیگ کے پانچویں ایڈیشن میں کمنٹری کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔

پچاس سالہ عظیم کھلاڑی 52 ٹیسٹ اور 245 ایک روزہ انٹرنیشنل میچوں میں جنوبی

افریقہ کی نمائندگی کی۔

– ENDS –


Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk


## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.


Commercial Partners



www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4